ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز (85)

06-02-2023

**بہاول پور() پولیس خدمت مراکز بہاول پور کی پراگریس رپورٹ ماہ جنوری 2023ء 6982 شہری پولیس خدمت مراکز بہاول پور، احمد پور شرقیہ اور حاصل پور سے متعلقہ مختلف سروسز سے مستفید ہوئے، خدمت مراکز بہاول پور پولیس کا FACE ہیں، ایک چھت تلے FIR کے اندراج کی درخواست سمیت شہریوں کی آسانی اور کسی بھی دشواری کا سامنا کیے بغیر پولیس سے متعلقہ مسائل کے حل کیے جارہے ہیں۔ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی "پبلک سروس پالیسی" کے سپرٹ کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کی سربراہی میں پولیس خدمت مراکز کی پرفارمنس کو مزید بہتر کیا جا رہا ہے، حکومت پنجاب اور آئی جی پنجاب کا خدمت مراکز میں سروسز کے حوالے سے بہت کلیئر ویژن ہے، خدمت مراکز کا مطلب ہی متعین شدہ وقت میں عوام کو سروسز دینا ہے۔جس کے تحت شہریوں کی آسانی کے لیے پولیس خدمت مراکز بہاول پور، احمد پور شرقیہ اور حاصل پور اور پولیس موبائل خدمت مرکز کام کر رہی ہے، جہاں پر شہریوں کو FIR کے اندراج کی درخواست سمیت پولیس سے متعلقہ مختلف سروسز فراہم کی جارہی ہیں، انچارج پولیس خدمت مراکز بہاول غلام مرتضیٰ ASI اوران کی ٹیم نے ماہ جنوری میں بہاول پور کے علاوہ تحصیل احمد پور شرقیہ اور حاصل پور میں پولیس خدمت مراکز شہریوں کو ایک چھت تلے مختلف سروسز فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ماہ جنوری کے دوران خدمت مراکز میں پولیس سے متعلقہ دی جانے والی 6982 سروسز سے مستفید ہوئے۔ان سروسز میں 340 کریکٹر سرٹیفکیٹ ، 102 ایف آئی آرز کی کاپی، 171 کرایہ نامہ کا اندراج، 262 گمشدگی رپورٹ، 84 گاڑیوں کی ویریفکیشن، 1606 جنرل پولیس ویریفکیشن، 3720 لرنر رینیول، 600 ڈرائیونگ لائسنس رینیول، 16 ڈپلیکیٹ ڈرائیونگ لائسنس، 31 شناختی کارڈ ویریفکیشن، 01 ایمپلائی رجسٹریشن اور 49 انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس شامل ہیں۔ڈی پی او نے کہا ہے کہ انسپکٹر جنرل آف پولیس کے ویژن اور ہدایات کی روشنی میں خدمت کا یہ سفر جاری ہے۔شہریوں کو سہولیات بہم پہنچانے میں تمام وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، انہوں نے پولیس خدمت مراکز پر کام کرنے والے افسران و اہلکاران کو ہدایت کی کہ وہ خدمت کے جذبے سے کام کرتے ہوئے شہریوں سے خوش اسلوبی سے پیش آئیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور() پولیس خدمت مراکز بہاول پور کی پراگریس رپورٹ ماہ جنوری 2023ء کی رپورٹ شائع کردی گئی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (86)

06-02-2023

## بہاول پور() پولیس کی گذشتہ ماہ جنوری کی کارکردگی رپورٹ جاری، 429 مجرمان اشتہاری و 30 عدالتی مفروران اور 125 ٹارگٹ اوفینڈر سمیت 902 ملزمان گرفتار، جن سے 01 کروڑ 85 لاکھ 83 ہزار روپے سے زائد مال مسروقہ ونقدی برآمد ہوا، شہریوں کا پولیس سے تعاون/ اطلاع دینے پر مزید جرائم پیشہ عناصر کو قابو کرنے سے جرائم میں کمی ہوسکتی ہے، شہری معاشرتی امن کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کی نشاندہی کریں، پولیس ہر صورت ایسے عناصر کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچائے گی، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق بہاول پور پولیس نے ماہ جنوری 2023 کے مہینہ میں 1184 مقدمات درج رجسٹر کیے، جن میں سے 10 مقدمات جھوٹے ہونے کی بناء پر خارج ہو چکے ہیں، جن سے 16 نئے اور پرانے مقدمات ٹریس آوٹ اور ناجائز اسلحہ برآمد کرنے علاوہ -18583789 روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ ونقدی برآمد ہوا۔ ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے **71** مقدمات درج اور 71 ملزمان کو گرفتار کر کے اُن کے قبضہ سے 02 عدد رائفل، 02 ریپٹر، 03 عدد کاربین، 03 بندوق 55 پسٹل اور 06 ریوالور اور 219 روند برآمد ہوئے۔ منشیات فروشوں کے خلاف بھر پور کارروائیاں کرتے ہوئے 131 مقدمات درج کر کے ان میں ملوث 134 ملزمان کو گرفتار کر کے اُن کے قبضہ سے 33 کلو 750 گرام چرس، 50 گرام آئس، 292 کلو 400 گرام بھنگ، 4549 لیٹر شراب، 775 لیٹر لہن اور 19 چالو بھٹیاں شراب قبضہ پولیس میں لی گئیں۔ قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 18 مقدمات درج کر کے 74 جواریوں کو گرفتار کر کے داؤ پر لگی روقم اور جوئے کا سامان برآمد کیا۔ نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کرتے ہوئے ساؤنڈ سسٹم ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 14، عارضی رہائش کے 10، بجلی چوری کے 10، گیس ری فلنگ کے 05 ملزمان کو گرفتار کر کے پیش عدالت کیا جا چکا ہے۔ مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ضلع بھر کی پولیس نے "A" کیٹگری کے 27 اور "B" کے 402 سمیت 429 مجرمان اشتہاری کے علاوہ کیٹگری "B" کے 30 عدالتی مفروران سمیت 125 ٹارگٹ اوفینڈر کو بھی کو گرفتار کر کے چالان عدالت کیا، ڈی پی او سید محمد عباس نے ماہ جنوری 2023 کی کارگزاری کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا پولیس سے تعاون/ اطلاع دینے پر مزید جرائم پیشہ عناصر کو قابو کرنے سے جرائم میں کمی ہوسکتی ہے، شہری معاشرتی امن کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کی نشاندہی کریں پولیس ہر صورت ایسے عناصر کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچائے گی۔

ترجمان پولیس



بہاول پور پولیس کی گذشتہ ماہ جنوری کی کارکردگی رپورٹ جاری، 429 مجرمان اشتہاری و 30 عدالتی مفروران اور 125 ٹارگٹ اوفینڈر سمیت 902 ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (87)

06.02.2023

# بہاولپور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس پرانے ملزمان کی گرفتاریوں اور قانونی کاروائی کے حوالے سے ضلعی پولیس کو ٹاسک، مفرور ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمات کو یکسو کریں، روزانہ کی بنیاد پر ہر تھانے کی پراگرس چیک کی جائے گی،عوام کو معیاری انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہے،ڈی پی او

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی مفرور ملزمان کی گرفتاریوں کے حوالے سے مہم کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے بہاولپور کے تمام تھانوں کو پرانے مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاریوں اور ان کے خلاف ضابطہ کی کارروائیاں کرنے کا ٹاسک دے دیا، ان کی فہرستیں تیار کی جائیں اور تکنیکی وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔آئی ٹی کی ٹیمیں تھانوں کی سطح پر تفتیشی افسران سے تعاون کر کے ملزمان کی نقل وحرکت کا تعین کریں اور ہر ممکن وسائل کو انویسٹی گیشن اور آپریشن میں استعمال کیا جائے، میں روزانہ کی بنیاد پر تمام ضلع کے تھانوں کی پراگرس چیک کروں گا اور جن کی پرفارمنس میں کمی ہوئی ان کو اس کا جواب دینا پڑے گا اور اچھی پرفارمنس والے افسران کو سرٹیفکیٹس اور انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔کمیونٹی پولیسنگ کے ساتھ ساتھ جرائم پر قابو پانا اور ملوث ملزمان کو گرفتار کرنا ہماری ہراول ڈیوٹی ہے۔شہریوں کی دادرسی اس صورت میں ہو سکتی ہے جب ہم ان کے جان و مال کا نقصان کرنے والے افراد کو آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے، ان خیالات کا اظہار ڈی پی او سید محمد عباس نے بہاولپور پولیس کے افسران کو جاری ہدایات میں کیا۔

ترجمان بہاول پور پولیس